جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس کو ووڈرا کرنیکی اجازت لینا ہوگی کیونکہ یہ اب ہاوس پراپرٹی ہے - اب ہاوس اجازت دے گا تو واپس لے سکیں گے -

**Mr. Afzal Khan Khoso:** I will make just a few observations.

**Mr. Presiding Officer:** This is the property of the House.

جب تک آپ کہیں گے نہیں -

**Mr. Afzal Khan Khoso:** I did not use the word 'withdraw' I said, I do not press it. So, it is for the House to withdraw it.

میں مزید کہے بغیر پریس نہیں کر رہا ہوں -

شیخ محمد رشید : مزید کیا کہنا چاھتے ھیں ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ نے مزید کچھ کہنا ھے آپ ووڈرا کرلیں

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I have absolutely no objection if leave is granted by the House to withdraw this resolution.

**Mr. Presiding Officer :** Is the House prepared to grant Mr. Khoso leave to withdraw this resolution ?

**Sardar Mohammad Aslam :** Let him ask leave of the House to withdraw the resolution.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I request the House to allow me to withdraw the resolution.

**Mr. Presiding Officer :** Is the House prepared to grant leave to Mr. Khoso to withdraw the resolution.

(*The leave was granted*)

**Mr. Presiding Officer :** So, the resolution stands withdrawn.

اس کے بعد موشن ھیں -

## MOTION *RE* : SITUATION ARISING OUT OF EXTREMELY POOR GROWTH RATE IN THE AGRICULTURAL SECTOR DURING 1971—75

شیخ محمد رشید : اگر محترم خواجہ صاحب اسکو پٹ کر دیں تو میں اسکا جواب دے سکتا ھوں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کیا اس پر مختصر گفتگو نہیں کریں گے ؟

خواجہ محمد صفدر : مختصر گفتگو نہیں ھوگی -

شیخ محمد رشید : اگر مختصر گفتگو نہ ھوگی تو جب ان کا جی چاھے کرلیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ اپریل میں آئی تھی -

خواجہ محمد صفدر : میں نے جنوری میں دی تھی -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اسی لیئے چاھتا ھوں کہ آپ ارشاد فرمائیں شیخ صاحب جواب دے رھے ھیں -

**Shaikh Mohammad Rashid:** Sir, the position is that the mover should be allowed to complete his statement even if we have to sit beyond the hours, that is, keeping in view Jumma prayers. So, at least he should complete his business.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اگر وہ پندرہ بیس میں ختم کرلیں -

I have no objection if he is to conclude his statement.

کیوں خواجہ صاحب ؟ اب تو فیصلہ آپ پر ہے -

خواجہ محمد صفدر : میں اپنی گذارشات یہاں پر پیش کردوں یا محترم وزیر صاحب یا کوئی اور دوست بھی جو اس موضوع پر بولنا چاہیں ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرا خیال یہ تھا کہ اگر کسی دوست کو اظہار خیال نہ کرنا ہو اور شیخ صاحب نے مختصر سی گفتگو فرمانی ہے تو پھر یہ آج ہی ہو سکتی ہے -

(مداخلت)

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ مسئلہ ایسا ہے کہ اس کی اہمیت کے پیش نظر ذرا وضاحت کرنی پڑے گی -

راو عبدالستار : جناب چیئرمین ! اگر خواجہ صاحب زیادہ ٹائم لیں تو آج جمعہ ہے - اس لیے اسے اگلے جمعہ پر رکھ لیں تاکہ شیخ صاحب بھی جواب دے سکیں -

خواجہ محمد صفدر : مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، جیسے آپ ارشاد فرمائیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مجھے یہ نظر آ رہا تھا کہ اس ریزولیوشن پر خواجہ صاحب کے بعد صرف شیخ صاحب اظہار خیال فرمائیں گے - میرا یہ اندازہ تھا اسی اعتبار سے میں نے سوچا کہ اگر آج ہی اس پر بحث ہو جائے تو ٹھیک ہے اگلے جمعے پر اور بہت سے ریزولیوشن ہیں اور پھر رمضان شروع ہو جائے گا -

خواجہ محمد صفدر : وہ تو کل ہی شروع ہو جائے گا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرا خیال ہے کہ اگر آج اس پر گفتگو ختم ہو جائے تو ٹھیک ہے اسی تاثر سے میں نے بات کی تھی -

خواجہ محمد صفدر : اس پر آج گفتگو ختم نہیں ہو گی -

شیخ محمد رشید : میں آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ انھوں نے جو کچھ فرمانا ھے ان سب چیزوں کو تسلیم کر لوں گا اور اپنی اسٹیٹمنٹ دے دوں گا - خواجہ صاحب ارشاد فرمائیے پھر تو آپ کا مقصد حل ھو جائے گا -

My only point is that both the statements should appear simultaneously. I am going to the extend that whatever the honourable Members want to speak may speak, and thereafter I may be allowed to reply.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس سے میں بھی متفق ھوں اور خواجہ صاحب بھی یہ چاھیں گے کہ دونوں اسٹیٹمنٹیں اکٹھی آ جائیں -

خواجہ محمد صفدر : بالکل ٹھیک ھے - دونوں اسٹیٹمنٹیں اکٹھی آنی چاھئیں تاکہ عوام کو بھی معلوم ھو سکے - جناب پندرہ منٹ رہ گئے ھیں - ملتوی کر دیں - یہ بحث ختم نہیں ھوگی -

(مداخلت)

شیخ محمد رشید : میں ایک منٹ میں اسٹیٹمنٹ پیش کرکے ختم کر دوں گا -

جاب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ریزولیوشن اور موشنز کے بارے میں آپ مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ھیں کہ ان کا مقصد صرف یہ ھوتا ھے کہ ان کے مختلف پہلو ایوان کے سامنے آ جائیں اور حکومت کے سامنے آ جائیں اور میں یہ سمجھتا ھوں کہ اگر آپ اپنی گفتگو مکمل کرلیں اور شیخ صاحب مختصر گفتگو کرکے اس کو ختم کر دیں اور یہ بھی بالکل درست ھے کہ دونوں اسٹیٹمنٹیں اکٹھی آنی چاھیں تاکہ اس ایشو کے دونوں رخ لوگوں کے سامنے آ جائیں تو ٹھیک ھے آپ پندرہ منٹ ارشاد فرمائیں -

خواجہ محمد صفدر : نہیں صاحب میری بات پندرہ منٹ میں ختم نہیں ھوگی -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں نے پندرہ منٹ کی بندش نہیں لگائی میں سمجھا تھا آپ پندرہ منٹ بولنا چاھتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : میں نے کہا تھا کہ پندرہ منٹ رہ گئے ھیں - زیادہ سے زیادہ یہ ھو سکتا ھے کہ اگر میں شروع کروں تو قواعد کے مطابق آدھا گھنٹہ بولوں گا - پونے ایک بجے اگر میں نے ختم کی تو جمعہ کا وقت بہت ھی قریب آ جائے گا - یہ سوچ لیجیئے - میں تو شروع کرنے والا تھا مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ھے لیکن دوسرے دوستوں نے کہا ھے کہ دونوں تقاریر ایک ھی دن ھوں تو اس لیے میں نے کہا ھے کہ اگلے جمعہ کو رکھ لیں - ایجنڈے پر نمبر ایک پر ھوگا تو جلدی آ جائے گا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اب جتنی دیر اس میں لگا دی ہے اتنی دیر میں آدھی تقریر ہوئی ہوتی -

شیخ محمد رشید : اگر پونے ایک بجے بھی ختم کر دیں تو میں اپنی اسٹیٹمنٹ دے دوں گا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب میں سمجھتا ہوں کہ بہر حال ہم ایک بجے سے پہلے بھی فارغ ہو سکتے ہیں - خواجہ صاحب بسم اللہ کیجیے -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میری اس تحریک کا موضوع یہ ہے کہ ۱۹۷۱-۷۵ تک کے چار سالوں میں ہمارے ملک کی زرعی پیداوار میں اضافہ انتہائی سست تھا بلکہ نہ ہونے کے برابر تھا اور جناب چیئرمین ! ابھی آپ نے ذکر فرمایا ہے کہ ۱۲ اپریل کو میں نے یہ تحریک التواء اس ایوان میں پیش کی تھی - حقیقت یہ ہے کہ یہ تحریک سینٹ کے دفتر میں گزشتہ دسمبر میں میں نے پیش کر دی تھی - لیکن کئی وجوہات کی بناء پر یہ ملتوی ہوتی رہی اور اس وجہ سے میں نے جون ۱۹۷۵ء تک کے حالات کو زیر بحث لانا اس تحریک کے لئے تجویز کیا ہے - ظاہر ہے کہ دسمبر ۱۹۷۵ء بلکہ جون ۱۹۷۶ء تک بھی جون کے آخر میں تو وہ کوائف ہو سکتے تھے جو ۱۹۷۵-۷۶ء میں میسر نہیں آسکتے تھے بلکہ تیار ہی نہیں ہوئے تھے - اس لئے یہ نہ تصور کیا جائے کہ میں نے خصوصیت سے کوئی چار سال چن لئے ہیں بلکہ اس وقت صورتحال ایسی تھی جب میں نے یہ تحریک اس ایوان میں پیش کرنے کے لئے دی تھی اور پانچواں سال موجودہ ارباب اقتدار کے اقتدار کا اس میں شامل ہو ہی نہیں سکتا تھا -

جناب چیئرمین ! آپ جانتے ہیں کہ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے شاید میرے بعض دوست میری اس بات سے ؟ اختلاف کریں کہ ہماری معاش اور اقتصاد کا تمام تر انحصار زراعت پر ہے اگر ہم اپنی زراعت کو ترقی دے سکے تو یہ ملک خوشحالی سے ہمکنار ہو گا اور اگر ہماری زراعت ترقی نہ پاسکے تو اس صورت میں مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری اقتصادی بد حالی کا نتیجہ اس سے مختلف نہیں نکلے گا جناب چیئرمین حکومت کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ کل آبادی کا ستر فیصدی حصہ کسب معاش کے لئے زرعی شعبے پر انحصار کرتا ہے اورھماری مجموعی سالانہ آمدنی کا ۳۶ فیصدی حصہ زرعی پیداوار سے آتا ہے اور ہم مجموعی برآمدات کا چالیس فیصدی حصہ زرعی شعبے سے حاصل کرتے ہیں اور اپنے ملک کے مجموعی مزدور اور محنت کش آبادی کا پچاس فیصدی حصہ اسی سیکٹر اسی پیشے سے تعلق رکھتا ہے ظاہر ہے کہ ان اعداد و شمار سے اس شعبے کی اہمیت ہماری نظروں میں اچھی طرح سے واضح ہو جاتی ہے اس شعبے کے متعلق بات کرتے ہوئے جناب چیئرمین اس کی اہمیت کے پیش نظر ملکی معیشت کے اس پر انحصار کے پیش نظر میں آپ کو یقین دلاوں گا اور میں اپنی جانب سے جماعتی سیاست کی تنگ نظری سے یا اس عینک کے ذریعے ان حالات کا جائیزہ نہیں لوں گا بلکہ میں ملی مفاوات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی گذارشات اس ایوان کے سامنے پیش کروں گا -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اس سلسلے میں تین چار سالوں میں کس حد تک زرعی ترقی ہوئی ہے - میں خود اپنی جانب سے کچھ نہیں کہوں گا - میں حکومت کی مطبوعات پر انحصار کروں گا - جناب چیئرمین ! دوسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران پاکستان میں زرعی شعبے نے ۳۴ فیصد اوسطاً ہر سال ترقی کی ہے - تیسرے پنجسالہ منصوبے میں ۰۱ ۴ فیصد ہر سال اوسطاً ترقی کی ہے یہ اعداد و شمار بتانے کے بعد پاکستان اکنامک سروے ۱۹۷۴-۷۵ء کے صفحہ ۱۴ پر اس کے مصنفین فرماتے ہیں :

"The growth rate during 1970—75 is estimated to be less than one per cent".

ظاہر ہے انہوں نے پانچ سال کا حساب لگایا ہے - لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ۱۹۷۰-۱۹۷۱ء کا سال جو کہ زیر بحث نہیں ہے اس کے اگر آپ اعداد و شمار دیکھیں گے - اگر وہ ایسے نہیں ہیں کہ انھیں قابل مثال تصور کیا جائے لیکن بعد کے ۴ سالوں سے بہرحال بہتر ہیں - بہرحال یہ ایک جملہ معترضہ تھا - تو ان چار سالوں میں ہمارے زرعی شعبے نے ایک فیصد سے بھی کم ترقی کی - اور جناب چیئرمین آپ بخوبی جانتے ہیں کہ ہر سال میں ہماری آبادی میں تین فیصدی کے حساب سے اضافہ ہو رہا ہے آبادی میں تین فیصدی کے حساب سے اضافہ اور زرعی شعبہ جو کہ سب سے بڑا شعبہ ہے اور جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے کہ ہماری آبادی کا انحصار - ہماری labour forces کا انحصار، ہماری برآمدات کا ہماری معیشت کا غرضیکہ سب کچھ اسی پر انحصار کرتا ہے اس میں اگر ایک فیصد اضافہ ہو تو یہ بات افسوسناک بھی ہے اور فوری توجہ کے لائق بھی -

جناب چیئرمین ! یہی نہیں بلکہ وزیر خزانہ نے سال رواں کی اپنی بجٹ تقریر کے صفحہ تین اور پیراگراف پانچ میں یہ ارشاد فرمایا کہ ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۲ء تک کے سالوں میں زرعی پیداوار میں کوئی اضافہ نہیں ہوا - ۱۹۷۲ء سے ۱۹۷۵ء تک کے درمیانی عرصے میں زرعی پیداوار میں اضافہ تو ہوا لیکن قوم کو انہوں نے بتایا نہیں کہ کیا اضافہ ہوا شاید انہیں شرم آ گئی ہو کہ میں کیا بتاؤں کہ کیا اضافہ ہوا ہے - ان دو حوالہ جات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مجموعی طور پر ہمارے ملک کے زرعی شعبے نے چار سالوں میں قطعاً ترقی نہیں کی اور اگر کہا جائے کہ اس نے ترقی کی تو یہ نہ ہونے کے برابر ہے -

جناب چیئرمین ! مناسب ہوگا کہ میں بڑی بڑی فصلوں کا بھی ذکر کر دوں - جناب چیئرمین ! ان سال ہائے زیر بحث میں آپ یہ معلوم کرکے یقیناً خوش ہوں گے کہ زیر کاشتہ رقبے میں اضافہ ہوا - کم و بیش تمام بڑی بڑی فصلوں کے زیر کاشت رقبے میں اضافہ ہوا - لیکن جیسا کہ اس کتاب اکنامک سروے کے صفحہ ۱۴ متعلقہ سال ۱۹۷۴-۷۵ء پر یہ فقرہ :

"Although the acreage of some major crops has gone up the fall in agricultural production is explained by decline in their yields".

[Khawaja Mohammad Safdar]

تو میں اتنا یہ عرض کروں گا کہ کمی یا ترقی کے نہ ہونے کی وجوہات یہ نہیں ہیں کہ رقبہ کم کاشت کیا گیا - یا یہ بھی نہیں ہے کہ کھاد کم ڈالی گئی میں اس طرف آؤں گا کھاد میں کم و بیش ان چار سالوں میں ۲۰ فیصد اضافہ ہوا - حکومت کے دعوے کے مطابق فصلوں پر جراثیم کش ادویات بھی چھڑکی گئیں، اور اس رقبے میں بھی حکومت کے دعوے کے مطابق اضافہ ہوا لیکن باوجود اس کے جیسا کہ میں عرض کرنے والا ہوں -

جناب چیئرمین ! سال ۱۹۷۰-۷۱ء یعنی زیر بحث سالوں سے پہلے سال میں ۱،۴۳،۲۵،۰۰۰ ایکڑ رقبے پر گندم بوئی گئی - اس کے برعکس ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۱،۴۵،۴۹،۰۰۰ ایکڑ رقبے پر گندم بوئی گئی، یعنی دو لاکھ ایکڑ رقبہ مزید زیر کاشت آیا - لیکن ہوا کیا ۱۹۷۳-۷۴ء میں فی ایکڑ پیداوار اوسط ۱۳٫۶۵ من تھی اور ۱۹۷۳-۷۴ء میں بھی ۱۳٫۶۵ من تھی - لیکن ۱۹۷۴-۷۵ء میں یہ ۱۳٫۲ من ہوگئی - اس ۲٫۲ فیصد کے نقصان نے نتیجہ یہ پیدا کیا کہ ہماری پیداوار ۱۹۷۲-۷۳ء سے بھی کم ہو گئی - اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۵ لاکھ ٹن کم ہو گئی - ۱۹۷۲-۷۳ء کے مقابلے میں 3-1/4 لاکھ ٹن اور ۱۹۷۴-۷۵ء کے مقابلے میں پانچ لاکھ آٹھ ہزار ٹن کم ہو گئی - اس کے متعلق اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے اکنامک سروے پاکستان کے مصنفین یہ فرماتے ہیں :

And I quote :

"However, it is necessary to accelerate the pace of improvement in yield per acre as a steady growth in wheat production substantially higher than the rate of increase in population is needed to reduce and eventually to eliminate food deficit of the country".

یہ صفحہ ۱۵ ہے - مجھے معلوم نہیں کہ ان مصنفین نے یہ عبارت کیوں استعمال کی - کیونکہ اضافہ تو ہوا ہی کوئی نہیں تو وہ اضافے کی تجویز پر سفارش کیسے کر رہے ہیں انہیں یہ چاہیئے کہ یہ لکھتے کہ اضافہ ہونا چاہیئے - تب جا کر خوراک کی حد تک ہم خود کفیل ہوں گے اور جیسا کہ بعض اوقات ارباب اقتدار دعوے کرتے ہیں - کہ ہم گندم کو باہر کے ملکوں کے لیے بھی برآمد کر سکیں گے -

جناب چیئرمین ! اس کے بعد ہماری بڑی پیداوار چاول ہے - چاول کے رقبے میں ۱۹۷۱-۷۲ء کے مقابلے میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں کم و بیش تین لاکھ ایکڑ زیر کاشت رقبے میں اضافہ ہوا ہے - لیکن پیداوار کم و بیش ڈیڑھ لاکھ ٹن کم ہو گئی - اسکی وجہ کیا تھی ۱۹۷۱-۷۲ء میں اوسط پیداوار چاول کی یعنی دھان کی ۱۶٫۸ من فی ایکڑ تھی ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۱۷٫۶۱، ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۱۷٫۶۶ - لیکن ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۱۵٫۰۱ رہ گئی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ہماری پیداوار میں کمی آ گئی دو من بیس سیر فی من فی ایکڑ کے حساب سے کمی کے سبب ہمیں کم و بیش ڈیڑھ لاکھ من دھان سے ہاتھ دھونے پڑے -

جناب چیئرمین ! ھماری تیسری بڑی فصل کپاس ھے آپ جانتے ھیں کہ کپاس کی مصنوعات سے ھم ۴۰ فیصد بر آمدی زرمبادلہ حاصل کرتے ھیں - نہ صرف یہ ھماری سب سے بڑی صنعت کو خام مال مہیا کرتی ھے بلکہ ایک اھم برآمدی آئیٹم بھی فارن ٹریڈ میں ھے - اسکی صورت حال یہ ھے کہ ۱۹۷۱-۷۲ء میں اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں رقبہ زیر کاشتہ دو لاکھ ایکڑ زیادہ تھا لیکن پیداوار ۴ لاکھ گانٹھ کم تھی اور اسکی بھی وجہ کہیں دور تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ھے ۱۹۷۱-۷۲ء میں فی ایکڑ پیداوار ۳ء۶۹ تھی - ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۳ء۶۸ تھی ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۳ء۶۹ تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۳ء۶۴ یعنی اس سال ۱۲ء۶۸ فیصد خسارہ ھوا یہ اعداد و شمار اکنامکس سروے آف پاکستان ۱۹۷۴-۷۵ء کے صفحہ ۱۷ سے حاصل کئے گئے ھیں اور اسی کتاب کے مصنفین اسکی وجہ بیان کرتے ھیں اور اسکے لئے وہ دنیا بھر کی وجوہات لکھ ڈالتے ھیں :

"The yield was adversely affected due to late sowing, low canal flow and power shortage affecting the tubewells and pest attack on the standing crop."

میری رائے میں اگر یہ سب وجوھات موجود تھیں اور اس کا علاج یہ نہیں کرسکتے تھے لیکن ان میں سے بیشتر کا علاج ممکن تھا جو اگر نہیں کیا گیا تو حکومت کی کوتاھی تھی -

جناب والا ! ھماری چوتھی بڑی فصل گنا ھے جس پر ھماری شوگر ملوں کے چلنے کا انحصار ھے جس سے اس ملک کی چینی کی ضروریات پوری کی جاتی ھیں - اس کی صورت حال بھی دوسروں سے بد تر ھے بلکہ دگرگوں ھے - ۱۹۷۱-۷۲ء میں اگرچہ ۱۴ لاکھ ۶۵ ھزار ایکڑ رقبے پر گنا کاشت کیا گیا تھا - ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۱۶ لاکھ ۵۵ ھزار ایکڑ ھو گیا یعنی ۳ لاکھ ایکڑ کا اضافہ ھوا - مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ پیداوار میں ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلے میں ۲ لاکھ ۵۲ ھزار ٹن گنا کم پیدا ھوا اسکی وجہ بھی یہی ھے - ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۴۰۵ من پیدا ھوا - پھر ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۴۰۹ من ھوا لیکن ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۳۴۵ء۶۵ من رہ گیا کم از کم ۵۰ من فی ایکڑ گنا کم پیدا ھوا - اس کے اسباب بھی انہوں نے خود ھی بتائے ھیں :

"The yield of sugarcane was very badly affected by poor germination, poor rains during monsoon season and shortage of irrigation water and attack of sugarcane borer."

جناب چیئرمین ! ان فصلوں کے ساتھ چند اور فصلیں بھی جن کا ذکر میں سمجھتا ھوں کرنا ضروری ھے اگرچہ ان کی اھمیت اتنی نہیں ھے جتنی کہ ان چار فصلوں کی ھے لیکن پھر بھی وہ بڑی اھم فصلوں میں ان کا شمار ھوتا ھے - مکی، باجرہ، جوار، اور چنا، ان کے متعلق، ان کی صورت حال کے متعلق میں اکنامکس سروے آف پاکستان کے مصنفین کی زبانی آپکی خدمت میں پیش کرتا ھوں -

[Khawaja Mohammad Safdar]

This is page 18 of Pakistan Economic Survey 1974-75.

"The other major crops for which first estimates of the 1974-75 acreage are available are bajar, jawar, maize, gram and rape-seed and mustard.

"These crops have shown a decrease in acreage during the year.

..........Production of these crops is expected to fall due to (a) decrease in their area; and (b) anticipated decline in per acre yields due water shortage as already mentioned in the foregoing sections."

جناب چیئرمین ! کچھ اسباب تو میں نے ان مصنفین کے حوالے سے پیش کئے ھیں اگرچہ ان میں سے بعض سے میں اتفاق نہیں کرتا لیکن میرے نزدیک اھم ترین اسکا سبب یہ ھے جس کا ذکر نہیں کیا گیا میں اس کی طرف محترم وزیر زراعت کی توجہ دلانا چاھتا ھوں -

جناب چیئرمین ! میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ ان چار سالوں میں کھاد کے استعمال میں اضافہ ھوا - محترم سنٹیر فاروق احمد لغاری صاحب کے ایک سوال کا جواب دیتے ھوئے محترم وزیر زراعت نے ارشاد فرمایا کہ ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۳۸۱ لاکھ ٹن کھاد کی مانگ تھی یا استعمال ھوئی جو ۱۹۷۴-۷۵ء میں بڑھ کر ۴۲۵ لاکھ ٹن ھو گئی، ظاہر ھے کہ کاشتکاروں نے اپنی جیب سے کاشت پر خرچہ کیا ھے اور حکومت نے جیسا کہ کل یا پرسوں وزیر زراعت نے ایک سوال کا جواب دیتے ھوئے ارشاد فرمایا تھا کہ حکومت کھاد میں سبسیڈائز کر رھی ھے - اسی طرح حکومت نے اپنے وعدے کے مطابق سابقہ سالوں کے مقابلے میں گرم کش دواوں کے چھڑکاو کا بہتر انتظام کیا ھے -

ایک اور سوال کا جواب دیتے ھوئے جو کہ وہ بھی محترم فاروق احمد لغاری صاحب کا تھا اور ۲۰ مارچ کو پوچھا گیا تھا اس کے جواب میں وزیر زراعت نے ارشاد فرمایا تھا کہ ۱۹۷۱-۷۲ء میں ایریا سروے اگرچہ ۲۰ لاکھ ایکڑ رقبہ پر ھوا - ۱۹۷۴-۷۵ء میں یہ رقبہ ۴۹ء۵۵ لاکھ ایکڑ ھوگیا اور گراونڈ اوپریشن ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۱۸ء۷۴ لاکھ ایکڑ پر اسپرے کیا گیا جب کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں یہ رقبہ تقریباً دو گنا یعنی ۳۶ء۱۵ لاکھ ایکڑ ھوگیا -

جناب والا ! ان چیزوں کے علاوہ، آپ سمجھتے ھیں، اور خوب اچھی طرح جانتے ھیں اور ارباب حکومت بھی جانتے ھیں کہ حکومت نے کاشت کی ترغیب دینے کے لئے زیادہ سے زیادہ اناج اگوانے کے لئے، اور زیادہ سے زیادہ زرعی اجناس پیدا کرنے کے لئے کم و بیش سبھی اجناس کی قیمتیں اونچی مقرر کی ھیں یہ ایک اور مسئلہ ھے کہ ایسا ھونا چاھیے یا نہیں ھونا چاھیئے لیکن یہ امر واقعی ھے کہ یہ ایک بہت بڑی ترغیب ھے کاشت کاروں کے لئے کہ وہ اپنی کاشت میں زیادہ سے زیادہ محنت کریں - زیادہ سے زیادہ رقبہ میں کاشت کریں اور زیادہ سے زیادہ کھاد ڈالیں اور زیادہ سے زیادہ انوسٹمنٹ جسے ان پٹ کہتے ھیں، کریں -

ظاھر ھے کہ کوئی بھی کاشتکار نہیں چاھتا کہ اس کی فصل میں کمی ھو، لیکن اس کے باوجود، ان ترغیبات کے باوجود ان کی اپنی کوششوں کے باوجود، ان کی ذاتی محنت کے باوجود، ان کی جسمانی محنت کے باوجود، انگرجنمنٹ کے باوجود، روپیہ کے صرف کے باوجود وہ اپنا اصل مقصد حاصل نہیں کر سکے - کیا وجہ ھے ؟ میرے نزدیک اس کی بڑی وجہ یہ ھے اگر وزیر زراعت توجہ فرمائیں، کہ اس ملک کی اراضی کی فرٹلری، قوت نمود، اسکی زرخیزی انتہائی درجہ کم ھو گئی ھے -

جناب چیئرمین ! اسکی قوت نمود، اسکی زرخیزی انتہا درجے کی کم ھو گئی ھے چاھے اسمیں کھاد ڈالیئے، اسکو سپرے کرائیے، کچھ کریں مگر اس پر اثر نہیں ھوتا - کیوں نہیں ھوتا جناب چیئرمین ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ۲۵ منٹ ھو گئے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : دس منٹ اور لونگا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مجھے خیال تھا کہ آپ بیس منٹ میں گفتگو کو سمیٹ لینگے -

خواجہ محمد صفدر : نہیں صاحب بہت مشکل ھے وہ سمیٹی نہیں جا سکتی ھے بڑا اھم مسئلہ ھے - دس منٹ اور لونگا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اسکے جتنے بھی پہلو تھے وہ تو سامنے آگئے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : نہیں جناب والا ! میرے ایک سوال کے جواب میں محترم وزیر جناب خٹک صاحب نے یہ ارشاد فرمایا تھا یکم اپریل ۱۹۷۶ء کو کہ پاکستان میں ۷۸ء۵۷ لاکھ ایکڑ زمین سیم زدہ ھے اور ۱۹۱۶۸ تقریباً دو لاکھ ایکڑ تھور زدہ ھے یعنی کم و بیش پونے تین لاکھ ایکڑ زمین کو یہ موذی بیماریاں لگی ھوئی ھیں یا وہ سیم زدہ ھے یا تھور زدہ ھے - میں نے جب ان سے پوچھا کہ اوسط ہر سال کتنا رقبہ سیم اور تھور کی نذر ھو رھا ھے تو انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ۲۸ء۱ لاکھ ایکڑ ہر سال سیم اور تھور کی نذر ھو رہا ھے تو میں نے پوچھا کہ حضور اسکا علاج کیا کر رھے ھیں -

میرے تیسرے سوال کے جواب میں انہوں نے ارشاد فرمایا جب میں نے پوچھا کہ صاحب اس سے کچھ ری کلیم بھی کر رھے ھیں آپ بھی کچھ ھمیت کر رھے ھیں کہ یہ برباد شدہ رقبہ واپس لیا جائے اور اسکو قابل کاشت بنایا جائے تو انہوں نے ارشاد فرمایا ھاں ایسا کچھ ھو رھا

[Khawaja Mohammad Safdar]

ھے یعنی کم و بیش ۷۵ ہزار ایکڑ ہر سال برباد ھوتا ھے اور اس سے نصف ھم ری کلیم کرتے ھیں اسطرح جوں جوں سال گذرتے جائینگے اور ری کلیمیشن کی رفتار یہی رھی تو باقی رقبہ جو ری کلیم ھو چکا ھے جو پہلے برباد ھو چکا ھے اس سے ھم ری کلیم کیا کرینگے بلکہ اس رقبے میں اور اضافہ ھی ھوتا جائیگا اور محترم وزیر زراعت سے بہتر کون جانتا ھے کہ یہ صورت حال دراصل ھماری فی ایکڑ پیداوار میں کمی کا باعث ھے اور میں ساتھ ساتھ اختصار بھی کرتا جاتا ھوں ایک اور وجہ بھی ھے جسکا ذکر گورنمنٹ کی کسی کتاب میں نہیں ھے اور یہ بھی ھماری زراعت کی پسماندگی کی ایک وجہ ھے اور وہ زمین کا کٹاو ھے -

جناب والا ! آپ کا ضلع خاص طور پر متاثر ھے شمالی پنجاب سارے کا سارا متاثر ھے فرنٹیئر کے بھی دو تین اضلاع متاثر ھیں اور خصوصیت سے ہزارہ متاثر ھے میں نے اسکے متعلق بھی سوالات پوچھے کہ اسکا کیا علاج ھو رھا ھے کیونکہ لاکھوں ایکڑ اراضی برباد ھو چکی ھے اور اسمیں ہر سال بڑے زور سے پانی بہتا ھے بڑی ویلاسٹی سے اور بڑی تیز رفتاری سے اوپر کا حصہ جو دراصل زرخیزی کا مرکز ھوتا ھے وہ بہا کر لے جاتا ھے اور اگر اسمیں کسی نے کھاد ڈالی ھے تو وہ بھی بہا کر لے جاتا ھے اور اسکی crest جو ھے اوپر کی جلد جو ھے وہی چار پانچ انچ تک زمین کی زرخیزی کا باعث ھوتی ھے اور اگر اسکو ھٹا دیا جائے تو پھر نیچے سے مٹی زمین نکل آئے گی اور اسے دوبارہ زرخیز بنانا ھوگا -

دوسری وجہ میرے نزدیک یہ ھے جناب چیئرمین ! جہانتک کرم کش ادویات کا تعلق ھے میں صرف ایک واقع بیان کر دیتا ھوں اس سے سب کچھ معلوم ھو جائیگا میرے ایک دوست ھیں جنکی پندرہ ایکڑ زمین ھے اور انہوں نے وھاں کاشت کیا ھوا تھا انہوں نے مجھے بتایا کہ انکی فصل کو رائس بورر لگ گیا تو انہوں نے محکمہ زراعت والوں کو کہا کہ صاحب چلیئے مجھ سے پیسے لیجئے اور کیڑے مار آئیے وہ گئے اور انہوں نے دوائی چھڑکی لیکن کوئی اثر نہیں ھوا دو تین دن کے بعد وہ پھر واپس دفتر تشریف لے گئے اور انہوں نے ان سے کہا کہ وہاں تو کچھ نہیں ھوا انہوں نے کہا کہ اچھا ایک بار ھم اور دوائی چھڑک دیتے ھیں وہاں جب گئے تو انہیں کچھ شک ھوا کہ شاید یہ جو دوائی استعمال کی جاتی ھے یہ غیر موثر ھے -

انہوں نے ایک پودا اکھاڑا اور اسکی جڑ سے ایک کیڑا نکل کر اپنی ہتھیلی پر رکھا اور انہیں کہا کہ اس پر دوائی ڈال دو انہوں نے دوائی ڈال دی تو وہ باقاعدہ انکی ہتھیلی پر رینگتا رہا چلتا پھرتا رہا وہ مرا نہیں تو انہوں نے کہا کہ یہ کیا بات ھے یہ کس قسم کی دوائی چھیڑک رھے ھو تو انہوں نے ان سے نہایت معصومیت سے کہا کہ صاحب جو دوائی ان کیڑوں کو مارنے والی ھے وہ تو ھمارے پاس نہیں ھے اور جو ھے وہ ھم نے چھیڑک دی ھے تو حضور یہ ٹھیک ھے اور میں مانتا ھوں کہ جس رقبے میں آپ نے اسپرے کیا ھے اسمیں یقیناً اضافہ ھوا ھوگا اور لوگوں کے پیسے خرچ ھوئے ھونگے گورنمنٹ کے بھی ضرور پیسے اس پر صرف

ھوئے ھونگے کیونکہ بغیر پیسوں کے تو کوئی کام نہیں چلتا لیکن کبھی آپ نے دیکھا بھی ھے کہ وہ دوائی کیڑے مارنے والی ھے یا آپکے ملازمین کسی ایسے علاقے یا فرموں سے دوائی حاصل کرتے ھیں جو کیڑے کم ماریں اور انکی جیبیں زیادہ بھریں اور اگر کیڑے مارنے والی دوائی ملتی ھے تو وہ بازار میں فروخت نہیں ھو رھی ھے کیونکہ انکا اثر عام لوگوں کے کھیتوں پر نہیں ھوتا معلوم نہیں انکی اپنی ذات پر ھوتا ھے یا نہیں جناب والا !

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! ۳۱ منٹ ھو چکے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : دو منٹ کی بات ھے -

**Shaikh Mohammad Rashid :** I would request the Chair not to ask him to finish. He should be given enough time.

خواجہ محمد صفدر : نہیں جی میں وقت کی پابندی کر رھا ھوں -

**Shaikh Mohammad Rashid :** Because if he is not allowed to explain in detail, he can say he was not given time. He should be given every opportunity. He should be allowed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Thank you very much.

میں زیادہ وقت نہیں لونگا میں محترم شیخ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ھوں البتہ میں قواعد کی پابندی کرونگا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : نہیں یہ شیخ صاحب کی فراخ دلی ھے - میں بھی کوئی قدغن نہیں لگانا چاھتا - میں یہ چاھتا تھا کہ تیس منٹ ھوئے ھیں اور جمعے کا دن بھی ھے اور خواجہ صاحب مختصر الفاظ میں بھی اپنا ماضی الضمیر بیان کر سکتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا !میں صرف ایک منٹ لونگا کیونکہ وقت ھو گیا ھے تو آخری بات یہ ھے میں یہ سمجھتا ھوں کہ کھاد کا استعمال ھماری فی ایکڑ پیداوار بڑھانے میں مد و معاون ھو سکتا ھے اور یقیناً ھوتا ھے اگر ھم موجودہ مقدار میں آج کل کھاد استعمال نہ کر رھے ھوتے تو شاید فی ایکڑ پیداوار کتنی نیچے گر چکی ھوتی یہ ہلپ فل ھے یہ مدد گار ھے لیکن میں آپکی وساطت سے ان سے درخواست کرونگا کہ اگر آپ واقعی لوگوں کو اینکریج کرنا چاھتے ھیں کہ وہ کھاد استعمال کریں تو کھاد کی قیمت کم کیجئے میرے ضلع کو دیکھئے جہاں دو دو چار چار ایکڑ زمین کے مالک ھیں کوئی بڑا مالک نہیں ھے تو وہ لوگ اس بھاو کھاد خرید ھی نہیں سکتے بڑے زمیندار خریدتے ھیں جو پندرہ بیس اور پچاس ایکڑ کے مالک ھیں اور خوب خریدتے ھیں لیکن دو چار ایکڑ کے مالک کی استطاعت سے باھر ھے کہ وہ اس قیمت پر کھاد خریدیں اسلیئے کھاد کی قیمت کم کیجئے اگر آپ سجھتے ھیں کہ سبسڈائز کرنا پڑتا ھے اور حکومت پر بوجھ ھوگا -

[Khawaja Mohammad Safdar]

تو جناب خزانہ سرکار لوگوں کا ھی ھے یہ نہ میری جیب سے جائیگا نہ محترم وزیر صاحب کی جیب سے جائیگا اسی لئے ھے کہ لوگوں کی بہتری کیلئے اس خزانے کو استعمال کیا جائے صرف پرائرایٹیز قائم کرنا ھے اور میرے نزدیک یہ پرائرایٹی ھے اگر کھاد کو سبسیڈائز کرنے پر اور رقم خرچ ھوتی ھے تو ضرور کرنی چاھیئے کیونکہ جبتک فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ نہ کریں اور ان بیماریوں کا جنکا میں نے ذکر کیا ھے ان سے چھٹکارا حاصل نہ کریں تو اسوقت تک یہ کہنا کہ ھم خود کفیل ھو جائینگے - یا اپنے زرعی اجناس کو ایکسپورٹ کرنا شروع کر دینگے اور خصوصیت سے گندم کو - تو میرے خیال میں یہ بڑا مشکل ھوگا بلکہ میرے نزدیک ناممکن ھے -

I have taken three minutes more. Thank you very much, Sir.

**Mr. Presiding Officer:** Thank you Khawaja Sahib.

شیخ محمد رشید : جناب والا ! میں تو یہ کوشش کرونگا کہ صرف .....

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب اب جبکہ اس طرف سے کوئی درست بات نہیں کر رھے ھیں - آپ تیس منٹ تک بات کر سکتے ھیں -

شیخ محمد رشید : اگر کوئی بولنا چاھتا ھے تو .....

جناب صدارت کنندہ آفیسر : کوئی نہیں، کوئی نہیں -

خواجہ محمد صفدر : ان سب کی طرف سے چیئرمین صاحب نے مختار نامہ لیا ھوا ھے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : نہیں خواجہ صاحب جب آپ اپنی کرسی پر بیٹھے تو میں نے دیکھا کہ کوئی دوست کھڑا نہیں ھوا جس سے مجھے اندازہ ھوا کہ انہوں نے اظہار خیال نہیں کرنا -

شیخ محمد رشید (وزیر خوراک و زراعت، کم ترقی یافتہ علاقہ جات و اصلاحات آراضی) : جناب والا ! میرے دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ ۱۹۷۴-۷۵ء تک گروتھ ریٹ میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ھوا جیسے کہ ھونا چاھیئے مجھے اس کا اعتراف ھے لیکن ایک منٹ میں کسی چیز کا فیصلہ نہیں ھو سکتا - اب سوال یہ ھے کہ ان کی وجوھات میں اختلاف ھے - وہ وجوھات ایسی ھیں جو کسی شہری سے پوشیدہ نہیں ھیں -

جناب چیئرمین ! آپ کو علم ھے کہ ۱۹۷۰-۷۱ء کا سال کسقدر مصائب لیکر آیا بلکہ میں سمجھتا ھوں کہ ایک آفت نا گہانی تھی اور ایک ایسی چیز پیدا ھوگئی جسے دھرانے کے لئے جی نہیں چاھتا کہ یہ ملک دو حصوں میں تقسیم ھو گیا - لڑائی تھی - حالات ڈسٹربڈ تھے

پھر ۱۹۷۳ء کے سیلاب بھی کسی سے مخفی نہیں خود خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا کہ ۱۹۷۴-۱۹۷۵ء میں انتہائی کم پانی کا ڈسچارج ہوا ہے - لیکن اس کے باوجود بھی ۱۹۷۲ء اور ۱۹۷۵ء میں ۲ء ۲ کروڑ گروتھ ریٹ رہا ہے سیلاب بھی آئے - ڈراٹ بھی آئے اور سب سے زیادہ خشک سالی ۱۹۷۴ء میں تھی یعنی یہ ایسے عوامل ہیں جن کے بارے میں دو آرا نہیں ہو سکتیں - لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اسکے باوجود بھی حکومت نے کیا اقدامات کئے - میرے دوست نے زراعت کے متعلق فرمایا تو جہانتک زراعت کی اہمیت کا تعلق ہے وہ سب پر عیاں ہے - مگر میں اس سلسلے میں گذارش کرونگا کہ اسی حکومت کو یہ احساس ہوا ہے اسی حکومت نے پوری طرح اس احساس کو زیر نظر رکھتے ہوئے یہ کوشش کی ہے اور سب سے زیادہ توجہ زراعت پر دی ہے - تو اس لیئے میں عرض کرونگا اور مجھے افسوس ہے کہ میرے دوست نے ۱۹۷۵-۱۹۷۶ء کا ذکر نہیں کیا انہوں نے فرمایا کہ بعد میں یہ ہوا اور اعداد و شمار مہیا نہیں تھے - اس لئے اگر یہ چاہتے ہیں تو میں ان کو ۱۹۷۵-۱۹۷۶ء کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! افسوس ہے کہ مجھے انٹرپٹ کرنا پڑتا ہے - اس ضمن میں ۱۹۷۵-۱۹۷۶ء کے متعلق بحث نہیں ہونی چاہیئے -

شیخ محمد رشید : جناب والا ! یہ موسٹ ریلیونٹ ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب ! خواجہ صاحب نے موشن سال کے آخر میں یعنی دسمبر میں دیا اور اسی تک اپنی گفتگو کو محدود رکھا ہے - اس پر آپ پاسنگ ریمارکس کے طور پر بات کر سکتے ہیں -

**Shaikh Mohammad Rashid :** This is very much relevant.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وہ مسئلہ تو زیر بحث نہیں ہے - اسلئے اس پر بحث نہیں ہو سکتی - اگر وہ کسی روز اسپر بحث کرینگے تو میں اسے ویلکم کرونگا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب ! جہانتک ۱۹۷۱ء—۱۹۷۵ء کا تعلق ہے وہ تو زیر بحث ہے - لیکن اس کے علاوہ آپ یوں ہی اسکا ذکر فرما سکتے ہیں -

شیخ محمد رشید : جناب والا ! میں انٹرپٹ کرتا ہوں کہ یہ یونہی کا سوال نہیں ہے بلکہ اس طریقے سے آج آپ کہہ سکتے ہیں کہ ۱۹۷۱-۱۹۷۲ء میں یہ ہوا - اس کا مقصد ہے :

To malign the Government. The question is that the Government has been making persistant efforts, and they bore fruit. I had, of course, to tell through this August House the people, otherwise it would be most statement, because then one can

[Shaikh Mohammad Rashid]

choose one year and say this is the year. So, Sir, the position is that when I have to say that the Government is doing its utmost, I have also to have the result of that. Now, the learned and honourable Member has not touched 1975-76, because the figures were not available. But now when the figures are available.......

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وہ تو نیا موشن لائیں گے - یہ نیا موشن لے آئیں، ہم اسپر بحث کریں گے -

**Shaikh Mohammad Rashid:** This is not the question. This has to be discussed in this, otherwise they further will have the opportunity to malign the Government. May be any person. I do not wish in any case to even quote one figure. Now, they can say look here, the cotton was 90 per cent last year. That is not the position. That is not in all fairness. I have to tell the House, Sir, and I have to tell that the Government's efforts which were consistently made, bore fruit in 1975-76. They were not so fruitful in the previous years for circumstances reason. Therefore, if I come to 1975-76, all can know the Government's position. Therefore, I have to help to bring the discussion to this year. So, the position is that what the honourable Member wants to say or tell the people is that the present regime or Government has not paid full attention towards the agriculture. What I am saying...

**Mr. Masud Ahmad Khan:** Point of order.

جناب مسعود احمد خان : جناب والا ! شیخ محمد رشید صاحب نے صیح طور پر یہ کہا ہے کہ ۱۹۷۵-۷۶ء سال شامل کیئے جانے چاہیں کیونکہ حکومت کے جتنے منصوبہ جات ہیں وہ ایک دن میں نہیں بنتے - ۱۹۷۴-۷۵ء میں جو اسکا نتیجہ ہے وہ میں عرض کرتا ہوں - جیسے خواجہ صاحب نے فرمایا۔۔۔۔۔۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مسعود صاحب ! آپ کا پوائنٹ آف آرڈر تب ہوگا جب آپ سمجھتے ہیں کہ شیخ صاحب جو کہہ رہے ہیں وہ غلط ہے - آپ اگر ان کی بات کو درست سمجھتے ہیں تو پوائنٹ آف آرڈر کیا ہوگا -

جناب مسعود احمد خان : جناب والا ! چلو میں اس بات پر اتفاق کرتا ہوں کہ شیخ صاحب ۱۹۷۱-۷۲ء کے سال کو کیوں زیر بحث لا رہے ہیں جبکہ موجودہ حکومت کو ۱۹۷۱ء کے صرف بیس دن ملے تھے - ۱۹۷۱ء کا سال تو ہم زیر بحث لا رہے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مسعود صاحب ! اسپر بھی گفتگو ہو جائے گی - شیخ صاحب آپ فرمائیں -

شیخ محمد رشید : جناب والا ! اس سلسلے میں ۱۹۷۵-۷۶ء کا سال اس لحاظ سے نہایت اہم اور انتہائی ریلیونٹ ہے - اس کے بغیر بحث ناممکن ہوگی - اور گورنمنٹ کے ساتھ ناانصافی ہوگی - میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کرسی پر بیٹھ کر انتہائی طور پر غیر جانبدار

کردار ادا کر رہے ہیں اور ادا کرنا چاہیئے - آخر انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ ایک چیز کا اگر ان کو موقع دیا جائے تو پھر ہمیں بھی موقع عطا ہونا چاہیے - اور نا انصافی نہ ان کے ساتھ ہونی چاہئے اور نہ ہی ہمارے ساتھ ہونی چاہیئے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب ! میں نے یہ کہا تھا ۱۹۷۱-۷۲ء ۱۹۷۲-۷۳ء ۱۹۷۳-۷۴ء اور ۱۹۷۴-۷۵ء پر گفتگو فرمانے کے بعد ۱۹۷۵-۷۶ء پر بات ہوگی ۔

شیخ محمد رشید : جناب والا ! گفتگو تو ایک گھنٹہ ہو سکتی ہے لیکن میں پانچ منٹ میں گذارش کرونگا کہ یہ یہ وجوہات ہیں اور جن کے لیئے میں نے ثبوت بتانے ہیں کہ گورنمنٹ نے کیا کیا اقدامات کیئے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : وہ بتا دیجئے -

**Shaikh Mohammad Rashid:** In spite of all those known......

جناب صدارت کنندہ آفیسر : وہ آپ بتا دیجئے -

**Shaikh Mohammad Rashid:** Sir, what I was stating was only this that after enumerating the consistant efforts even in those areas which were affected due to the reasons beyond the control of a Government. But I have to say that none the less those efforts did bear fruit and then this is the 1975-76

جناب والا ! آسمان سے کوئی فرشتے تو نازل نہیں ہو جاتے جنہوں نے اجناس بڑھانی ہیں - آخر وہی ایفرٹس جو ۱۹۷۲-۷۳ء ۱۹۷۳-۷۴ء -

خواجہ محمد صفدر : میں آپ کو بتاونگا کہ آسمان سے فرشتے نازل ہوئے ہیں یا نہیں ہوئے ہیں -

شیخ محمد رشید : آپ پہلے اسپر بحث کرلیں میں پھر اسپر سوال کرونگا -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں نے سوال بھی کر لیا ہے اور اعتراض بھی کر دیا ہے - میرا اعتراض واضح ہے کہ شیخ صاحب سکوپ کے اندر رہ کر بات کریں -

شیخ محمد رشید : جناب والا ! میں اسکوپ کے اندر رہ کر بات کر رہا ہوں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! آپنے ۳۳ منٹ اظہار خیال فرمایا اور شیخ صاحب جو باتیں تسلیم کر سکتے تھے ان کو تسلیم کیا - اب اس کے بعد وہ گورنمنٹ کا نکتہ نظر بیان کرنا چاہتے ہیں - لہذا انہیں بیان کرنے دیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! مجھے اعتراض یہ ہے کہ اس اسکوپ کے اندر رہ کر جو شیخ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے - لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی اور سال کے متعلق بات کرنی شروع کر دیں - یہ مجھے پہلے بتا دیتے کہ ہم ۱۹۷۵-۷۶ء پر بحث کریں گے - ہم یا تو اسے ماڈی فائی کرلیتے یا یہ امینڈ کر دیتے اور میری motion کو ترمیم کر دیتے تو قبول کرنے کے لئے تیار ہوں اور دوبارہ بحث کر لیتے ہیں اور اس سال پر بھی بات کرلیتے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! آپنے جو قرارداد دی ہے اس میں ۱۹۷۱ء سے لیکر ۱۹۷۵ء تک کے سال تھے - جو اس میں صورتحال تھی وہ آپنے بتائی - اس میں سے جتنی باتیں وہ تسلیم کر سکتے تھے انہوں نے تسلیم کیں - انہوں نے اس کی کوئی جسٹیفکیشن نہیں دی -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وہ ان کی اپنی کتابوں میں لکھا ہوا ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرا مطلب یہ ہے کہ جو حقائق تھے وہ انہوں نے تسلیم کئے - یہ تو نہیں کہا کہ اب بحث کو طول دینے کیلئے جیسے کہ آپ نے کہا ہے کہ اس کے لئے ضرور کنٹراڈکٹ کیا جائے ایسی صورت نہیں کی - اور اس کے بعد اگر وہ اپنی پوزیشن واضح کرنا چاہتے ہیں تو اس میں آپ کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! آپ رولنگ دینا چاہتے ہیں تو دیں لیکن میرا اعتراض آپ نے نوٹ فرما لیا ہے - اور آپ کے رولز یہ کہتے ہیں کہ بحث کا یہ طریقہ نہیں ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! چیر کے ساتھ بحث کرنے کا یہ طریقہ ہے ؟ یہ تو طریقہ نہیں ہے -

آپ نے ہاوس کے سامنے رکھی اس میں سے جس حد تک وہ مناسب سمجھے اور ظاہر ہے انکی بھی لیمیٹیشن ہے جس حد تک انہوں نے سمجھا یہ باتیں کنسیڈ کیں جو وہ کر سکتے تھے لیکن ۱۹۷۵-۷۶ء کے بارے میں کچھ باتیں کیں ہیں اور کچھ نہیں کیں ہیں -

خواجہ محمد صفدر : جب وہ کریں گے تو میں اعتراض کرونگا - اگر اس کی ریلیوینسی ہے تو آپ اس پر رولنگ دیجئے اور اس کے بعد اگر میرے دوست کو یہ خیال ہو کہ ۱۹۷۵-۷۶ء کے بارے میں کچھ فرما سکتے تھے تو ان کو بھی فرمانے کی اجازت دے دیں - ان کو خیال نہ رہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب ! مجھے ایک منٹ دیجئیے -

The wording of the motion is.

آج کی سچوئیشن جو ایرائز ہوئی ہے -

That the situation arising out of extremely poor growth rate in the agricultural sector in Pakistan during 1971—75 be taken into consideration.

یعنی وہ سچوئیشن جو آج پیدا ہوئی ہے وہ ۱۹۷۰-۱۹۷۱ء کے حالات کے نتیجے میں پیدا ہوئی اگر اس پر بحث ہے تو وہ ۱۹۷۵-۱۹۷۶ء جب آئے گا تو کرلیں گے -

The wording is not such.

شیخ محمد رشید : وہ تو بات ختم ہو گئی - میں بڑے ادب سے بات کرتا ہوں کہ وہ بڑے unjustified ہیں کیونکہ ۱۹۷۵-۱۹۷۶ء انکلوڈ نہیں کر سکا -

Even otherwise he has said 1971—75, and 1975 includes 1975-76, because the agricultural year, I may submit for the information of the learned honourable Member, starts from 1st July and then ends on 30th June next year. Therefore, he has himself included 1975-76.

**Qazi Faizul Haque Khan:** It is understood.

خواجہ محمد صفدر : یہ بات ختم ہو گئی ہے - مجھے تو ان کی انٹرپریٹیشن کی داد دینے کو جی چاہتا ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : محترم اس کا کیا مطلب نکلا ؟

جناب مسعود احمد خان : آپ کو بھی داد میں شامل کرلیا جائے -

خواجہ محمد صفدر : میں نے ۳۰ جون ۱۹۷۵ء تک شامل کیا ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب !

The wording is not like that, you will appreciate.

اس کی انٹرپریٹیشن آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں -

It says :

"That the situation arising out of extremely poor growth rate in the agricultural sector in Pakistan."

اس سے جو سچوئیشن پیدا ہو گی اس کو آپ زیر بحث لانا چاہتے ہو - اب جو سچوئیشن ان حالات سے پیدا ہوئی ہے آپ اس پر گفتگو کرنا چاہتے ہوں -

خواجہ محمد صفدر : ان چار سالوں میں جو پیدا ہوئی ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ اس پر کر سکتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : آپ مجھے تو اجازت دیجئے میں چلتا ہوں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شیخ صاحب ارشاد فرمائیے -

شیخ محمد رشید : جناب ! مجھے اپنے محترم دوست کے جانے پر افسوس ہے لیکن چونکہ یہ انجسٹیفائڈ چیز تھی اسلئے یہ مشکل تھا جو لوگ مس کنسیپشن پیدا کرنا چاہتے ہیں - وہ اپنی سحر بیانی سے حقائق کے سامنے نہیں ٹھہرتے اور ان کا جانا ایک میٹیریل چیز تھی اسلئے آپ فکر نہ کریں - میں یہ عرض کررہا تھا کہ انہی کی کتاب کے ریفرینس سے گروتھ ریٹ ۱۹۷۲ــ۷۵ء میں ۲۰۲ رہا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ گروتھ ریٹ تسلی بخش نہیں تھا - لیکن اسکے عوامل حکومت کے بس سے باہر تھے میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ملک میں ایسے واقعات ہوگئے تھے لڑائی ہوگئی تھی - اور ۱۹۷۱ء کے حالات کسی سے مخفی نہیں ۱۹۷۳ء میں خشک سالی اور اسکے بعد پانی کی کمی لیکن ان سب کے باوجود حکومت اس سلسلے میں کوشش کرتی رہی میں اسوقت اس معزز ایوان میں ایک مختصر تجزیہ پیش کرنا چاہتا ہوں اس سلسلے میں جناب والا ! آپ اندازہ فرمائیے کہ ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۲۰۲ میلین فنانشل الوکیشن ہوئی تھی اور اس وقت ۱۹۷۶-۷۷ء میں پروپوزڈ پندرہ سو میلین ہے گویا سات گنا زراعت میں الوکیشن دی یعنی سات گنا بڑھی - لیکن بدقسمتی سے تربیلہ ڈیم وقت پر اپریشن پر نہیں آسکا - اسکے باوجود حکومت نے اس دوران جو ٹیوب ویلوں کے ذریعے کوشش کی ہے وہ یہ ہے ۱۹۴۷ء سے لے کر ۱۹۷۱ء تک ۷۰ ہزار ٹیوب ویل لگائے گئے تھے - اب ۴۸ ہزار ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں -

اس کے علاوہ اب میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک امپروڈ سیڈ کا تعلق ہے آپ اندازہ فرمائیے کہ اس سلسلے میں جو اقدام کئے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں ہیں - پچھلے سال باہر سے ۱۷ ہزار ٹن سیڈ منگائے گئے تھے اور وہ سیڈ ہمیں ۱۹۰ روپئے من پڑتا تھا لیکن اسکو ہم نے ۷۰ روپے من تقسیم کیا - اسکے علاوہ سیڈز انڈسٹریز کارپوریشن قائم کر دی گئی ہے - اسکے برعکس پچھلی تمام حکومتوں نے اس طرف توجہ نہیں دی تھی یہ سیڈیز ملک میں پیدا کئے گئے ہیں باہر سے بھی منگوائے گئے ہیں - اس کے بارے میں سیڈز کارپوریشن قائم کر دی گئی ہے -

It will only be confined to the matters relating to seed—its sowing, then watching, then purchasing and then its distribution again among the farmers. So, the exclusive duty assigned to the Seed Corporation is to provide the farmer with improved seed.

جناب والا ! جہاں تک فرٹیلائزر کا تعلق ہے اس سے اندازہ فرمائیے ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۳۸۱ نیوٹن ٹن سپلائی کیا گیا - ۱۹۷۵-۷۶ء میں پہلے ۵۱۶ تھے لیکن اب ریوائزڈ جو ہیں وہ ۵۵۰ نیوٹن سپلائی کئے اور اب ۱۹۷۶-۷۷ء کا ۶۵۰ نیوٹن ٹن کا ٹارگٹ مقرر کیا ہے - گویا ۳۸۱ سے ڈبل ہوگئی ہے اس کے ساتھ ساتھ کسانوں کو سبسیڈیز بھی دی گئی ہیں - کھاد بھی کسانوں کو ارزاں نرخ پر تقسیم کیا گیا ہے حکومت نے اپنے وسائل کے مطابق کوئی کمی نہیں کی ہے - ۱۹۷۴-۷۵ء میں اور ۱۹۷۵-۷۶ء میں ساڑھے ساٹھ کروڑ کی سبسیڈیز دی ہیں - تاکہ کاشتکار زیادہ سے زیادہ کھاد استعمال کرسکیں - اس کے ساتھ پلانٹ پروڈکشن کے بارے میں عرض کیا ہے - ۱۹۷۱-۷۲ء میں صرف ۴ء۱۴ ملین پر اسپرے کیا گیا - ۱۹۷۵-۷۶ء میں ۹ء۶۵ میلن ایکڑ پر اسپرے ہوا ہے -

تو جناب ! میں جلدی جلدی عرض کروں گا تاکہ دوستوں کا وقت بھی ضائع نہ ہو - مشینری کے معاملے میں حکومت نے پوری کوشش کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ ٹریکٹر مہیا کیئے جائیں ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۴۲۲۴ ٹریکٹر مہیا کیئے گئے تھے جب کہ ۱۹۷۵-۷۶ء میں ۱۰۸۰۹ ٹریکٹر مہیا کیے گئے اور ۱۹۷۶-۷۷ء میں پانچ ہزار ٹریکٹر مہیا کرنے کا ٹارگٹ ہے اس کے علاوہ حکومت کا پروگرام ہے کہ دو ہزار پاور ٹلرز بھی درآمد کئے جائیں - اسکے علاوہ یہاں پر پلانٹنگ مشین بنانے کا بھی ارادہ ہے - اور ہم کوشش کریں گے کہ آئیندہ چاول کے سیزن میں یہاں کی بنی ہوئی پلانٹنگ مشینین مہیا کر سکیں گے -

جناب والا ! قرضے کے متعلق عرض کروں گا کہ ۱۹۷۱-۷۲ء میں ۱۲ء۱۱ ملین قرضہ دیا گیا اور ۱۹۷۵-۷۶ء میں ۱۱۷ ہزار ملین قرضہ دیا گیا اور اب ۱۸ ملین کا ٹارگٹ ہے - جناب والا ! یہ تو ان قرضہ جات کی تعداد ہے جو کسانوں کو دی گئی تاکہ وہ زیادہ کاشتکاری کرسکیں - جناب ! قرضے کے حصول میں سہولتیں پیدا کی گئی ہیں ابھی حال ہی میں منیلا میں میں ایک کانفرنس منعقد کی گئی ہے جس میں ایشیاء اور مشرقی بعید کے ملکوں نے شرکت کی ہے ان سب نے متفقہ طور پر پاکستان میں رائج شدہ پاس بک سسٹم کو ریکمنڈ کیا کہ ساری دنیا میں یہ رائج کیا جائے اس سے پیشتر کسان کو قرضہ کے حصول میں بیشمار دقیقتیں تھیں - اب ان کے پاس پاس بک ہے جس میں ان کی ملکیت کی قیمت درج ہوتی ہے اور وہ پاس بک چیک بک کی طرح ہے اور جب آپ کسی بینک کے پاس جائیں تو اس بینک کا فرض ہے کہ اس کو دیکھے اور تین دن کے اندر اندر اس کو قرضہ دے - اس کے علاوہ بھی کاشتکاروں کو بہت سی سہولتیں مہیا کی گئی ہیں - اب جناب والا ! میں ۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۰ء کے تناسب کا مقابلہ کرتا ہوں جناب والا ! ان پانچ سالوں کا تناسب دیکھنے کے بعد یہ اعداد و شمار سامنے آتے ہیں میں اپنے دوست کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ انھیں غلط ثابت کریں -

[Shaikh Mohammad Rashid]

جناب والا ! گندم کی پیداوار میں ۴۴٪ اضافہ ھوا چاول کی پیداوار میں پچاس فیصد اضافہ ھوا گنے کی پیداوار میں ۱۵ فیصد اضافہ ھوا کپاس کی پیداوار میں ۴۶۴ فیصد اضافہ ھوا کپاس کی پیداوار پچھلے سال سیلاب اور بے موقع بارشوں کی وجہ سے ۱۹ فیصد کمی واقع ھوئی ھے ورنہ اس میں بھی زیادہ اضافہ ھوتا ایک انتہائی اھم چیز کی جانب توجہ دلاتا ھوں کہ کاشتکاروں کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ دلانے کے لئے دو اقدامات کیئے گئے ھیں ایک تو یہ کہ ان کی اجناس کی قیمتیں مقرر کر دی ھیں - جناب والا ! آپ کو علم ھے کہ گندم کی قیمت پہلے سترہ روپے فی من تھی اب انہیں ۳۷ روپے ملتے ھیں باسمتی چاول کی قیمت پہلے تیس اور پینتیس روپے فی من تھی اب نوے روپے فی من قیمت مقرر کی گئی ھے پہلے کپاس کی قیمت ۳۰ اور ۳۵ روپے تھی اب ۱۲۵ روپے مقرر کی گئی ھے گنے کی قیمت پہلے دو روپے پچیس پیسے تھی اب وہ پانچ روپے پچاس پیسے مقرر کی گئی ھے -

جناب والا ! مکئی کی قیمت اب بتیس روپے مقرر کر دی گئی ھے آلو کی قیمت پچیس اور تیس روپے فی من مقرر کر دی گئی ھے یہ قیمتیں کاشتکاروں کو سہولتیں مہیا کرنے کے لئے مقرر کی گئی ھیں اور خواجہ صاحب نے خود تسلیم کیا ھے کہ فرٹیلائزر زیادہ مہیا کیا گیا ھے - تو یہ تمام اھم اقدامات ھم نے سر انجام دیئے ھیں اور اس سے کاشتکاروں کی بڑی حوصلہ افزائی ھوئی ھے آپ اندازہ فرمائیں کہ ۱۹۷۵-۷۶ء میں ریمارک ایبل اضافہ ھوا ھے ایک دفعہ میں پھر عرض کر دوں تاکہ کوئی غلط فہمی نہ رہ جائے اس حکومت کے برسراقتدار آنے سے ۱۹۷۵-۷۶ء تک جو اضافہ ھوا ھے اس کے اعداد و شمار یہ ھیں - گندم میں ۴۴ فیصد چاول میں پچاس فیصد مکئی میں ۲۸ فیصد گنے میں پندرہ فیصد اور کپاس کی پیداوار میں ۴۶۴ فیصد اضافہ ھوا جناب والا ! پچھلے سال آخری اندازے کے مطابق گندم ۷۴ لاکھ ٹن پیدا ھوئی ھے میں نے نیشنل اسمبلی میں بھی عرض کیا تھا کہ اب ھمارا اندازہ ھے کہ ساڑھے بیاسی لاکھ ٹن گندم پیدا ھو گی اور آخری اندازے کے مطابق پچاسی لاکھ ٹن گندم پیدا ھو گی آپ اندازہ لگائیے کہ گندم کی پیداوار میں بارہ سے تیرہ فیصد اضافہ ھوا ھے اور چاول کی پیداوار میں تیرہ فیصد اضافہ ھوا ھے جناب والا ! میں پچھلے سال کی بات کر رھا ھوں -

جناب والا ! یہ وہ چیزیں ھیں جن سے زمین کی طاقت بڑھتی ھے - آفات آسمانی کی وجہ سے، یہ سیلاب ھوا، بارشیں ھوئیں، زلزلے ھوئے ان کی وجہ سے فصل متاثر ھوئی ھے جناب والا ! آپ کو علم ھے کہ اگر کپاس کی فصل پر بارش ھو جائے اور چوبیس گھنٹے اس میں پانی کھڑا رھے تو وہ ضائع ھو جاتی ھے اسلئے کپاس سیلاب کو کبھی برداشت نہیں کر سکتی چونکہ پچھلے سال بوائی کے وقت بھی بارشیں ھوئیں اور اس کے بعد جب فصل تیار ھوئی تو اس وقت بھی بارشیں ھوئیں -

جناب والا ! یہ جو انہوں نے مثالیں دی ھیں یہ محض سورج کی روشنی کو کم کرنکے مترادف ھے اور سورج کی روشنی کو کم کرنکی ناکام کوشش ھے - اگر کپاس کی فصل خراب نہ ھوتی

تو اس وقت ساڑھے چھ فیصد اضافہ ھوتا یعنی پچھلے سال کے مقابلے میں ۶٫۵ فیصد اضافہ ھوتا ۔ جناب والا ! گندم کی پیداوار کا اندازہ پلاننگ والوں نے سات فیصد لگایا تھا اور گندم کی پیداوار آخری اندازے سے بارہ تیرہ فیصد زیادہ ھوئی ھے تو اس لحاظ سے کپاس کی فصل بھی ۶٫۵ فیصد کی بجائے زیادہ ھوتی آپ اندازہ کیجئے کہ اس سال آٹھ فیصد کا ٹارگٹ ھے انشاء اللہ اگلے سال یہ ٹارگٹ ھر صورت میں پورا ھوگا اور ھمیں اللہ تعالیٰ کے گھر سے پوری امید ھے کہ ھم غلے کے سلسلے میں خود کفیل ھوجائیں گے ۔

یہ حکومت بجا طور پر یہ انتظام کرسکتی ھے ھمیں پوری امید ھے کہ اگلے سال ھماری تمام توقعات پوری ھوجائیں گی اور یہ اس توجہ سے ھے کہ قیادت صحیح ھے اور پلاننگ صحیح ھے تو میں سمجھتا ھوں کہ زرعی میدان میں جو ترقی کی گئی ھے اسکا سہرا محترم وزیر اعظم صاحب کے سر ھے، عوام کے سر ھے، آپ دوستوں کے سر ھے ۔ کاشتکاروں کے سر ھے اور میں سمجھتا ھوں کہ پلان بنانے والون کے سر ھے ۔ وہ اس معزز ھاوس کے اراکین کے سر ھے ۔ تو عوامی حکومت نے اتنے اقدامات کئے ھیں ۔ اور ان اقدامات سے باوجود ان تمام مخالف عوامل کے بھی ھم نے زرعی میدان میں ترقی کی ھے ۔

جہاں تک سیم اور تھور کا تعلق ھے ۔ اسکے متعلق میرے دوستوں نے ارشاد فرمایا ھے ۔ ھمارے ایک دوست فیویل، پاور اور نیچرل ریسورسیز کے تشریف لیگئے ھیں ۔ یہ انکا پورٹ فولیو تھا ۔ میں ان سے عرض کرکے پھر آپ سے عرض کرسکتا تھا ۔ لیکن میں سمجھتا ھوں کہ یہ جو ریکوری ھو رھی ھے یہ کنسیڈرایبل ھے آپ اندازہ کیجئے کہ وہ سیم اور تھور اس حکومت کی تو لائی ھوئی نہیں تھی بیشتر رقبہ اس حکومت کے آنے سے پہلے سیم اور تھور سے تباہ ھو چکا تھا ۔ اس حکومت نے تو ریمیڈیل میژرز اختیار کئے ھیں ۔ اندازہ کیجئے کہ اس پروگرام کیلئے اس سال ۱۹۷۵-۷۶ء میں حکومت نے ۵۲۶ ملین روپے خرچ کئے ھیں، اور سیم اور تھور کے علاج کیلئے ۲۱ سالہ پلان بنایا ھے ۲۱ سالہ پلان جو کہ حکومت نے اس موذی مرض کو ختم کرنے کیلئے بنایا ھے ۔ اس میں وہاں تین ھزار پینسٹھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ھیں یہ تین ھزار پینسٹھ کروڑ روپے اکیس سال میں خرچ کئے جائینگے اور انشاء اللہ ھمیں یقین ھے کہ ھم اس پر قابو پالینگے ۔ میں سمجھتا ھوں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ واقعی یہ سیم اور تھور زرخیز زمین کو کھائے جا رھی ھے ۔ لیکن یہ بیماری اس حکومت کے وقت کی نہیں اس حکومت نے تو remedial measures اختیار کئے ھیں ۔

جناب چیئرمین ! آپ اس سے اندازہ کیجئے کہ تین ھزار پینسٹھ کروڑ روپے ۲۱ سال کے لئے مختص کر دیئے گئے ھیں اور اس سال بھی ۵۲ بلکہ ۵۳ کروڑ روپے خرچ کئے گئے ھیں ۔ گویا کسی بھی پہلو پر حکومت نے بے اعتناعی نہیں کی اور اس توجہ کا نتیجہ یہ ھے ۔ اس

[Shaikh Mohammad Rashid]

سے پہلی حکومتوں نے اس طرف توجہ نہیں دی - اور اس توجہ کا نتیجہ یہ ہے کہ آج ہم خدا تعالے کے فضل و کرم سے Self-sufficiency کے نزدیک آ پہنچے ہیں - اور ہمیں پوری امید ہے کہ زرعی اجناس کی پیداوار میں اضافہ ہوگا - اور آئیندہ سال ہم غلے میں انشاء اللہ تعالے خود کفیل ہوں گے میں پھر اپنے دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑے صبر و تحمل سے میری گزارشات سنیں - میں نے کوشش کی ہے کہ اختصار سے کام لوں کیونکہ جمعے کا وقت ہے - ورنہ میں detail میں عرض کرتا - تو شاید زیادہ وقت لیتا - اور میں پھر دہراتا ہوں کہ خواجہ صاحب نے جو defective arrangement دئیے تھے - مجھے ان کا بڑا احترام ہے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انہیں علم تھا کہ جس طریقے سے وہ پر فریب باتیں کر رہے ہیں - ان کی قلعی کھل جائیگی اس لیے وہ سامنے سن نہیں سکتے تھے - انہوں نے جانا ہی تھا اس لیے وہ چلے گئے - شکریہ -

**Mr. Presiding Officer:** This motion has been talked over. Rest of the motions will be deferred.

کیونکہ یہی انڈراسٹینڈنگ میں نے اس وقت خواجہ صاحب کو دی تھی کہ باقی موشنز پر آج بات چیت نہیں - اب کل سے رمضان شریف بھی شروع ہو جائیگا تو next sitting تو سوموار کو کتنے بجے رکھ لیں ؟

**Sardar Mohammad Aslam:** At 11.00 in the morning.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** سردار صاحب مجھے تو کوئی اعتراض نہیں - گیارہ بجے رکھنے میں لیکن بہت سے دوست جو یہاں نہیں ہیں - وہ گھروں سے آئیں گے تو اگر ہم منڈے کو چار بجے رکھ لیں تو کیا حرج ہے -

**سردار محمد اسلم :** ٹھیک ہے جناب ! میں نے تو اس لیے کہا تھا کہ راو صاحب کا خیال تھا کہ چونکہ رمضان مبارک ہے - اسلئے ایوننگ کو نہ رکھیں - ورنہ شام کو مجھے تو سوٹ کرتا ہے - میں تو منڈے کو گھر سے واپس آتا ہوں - انہوں نے فرمایا تھا کہ شام کو نہ رکھیں کیونکہ افطاری کا وقت آ جاتا ہے - تو میں نے کہا کہ گیارہ بجے رکھ لیں - اگر آپ کو سوٹ کرتا ہے تو ٹھیک ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرا اپنا خیال تھا کہ اگر ہم چار بجے رکھ لیں تو ٹھیک ہے - چار بجے سے ساڑے چھ بجے تک ہم کر سکتے ہیں - اور اس کے بعد آئیندہ کے دنوں میں تو میٹنگ صبح میں ہوا کرے گی -

جناب مسعود احمد خان : جناب چیئرمین ! چار بجے کا وقت کوئی وقت نہیں ہے یا تو اسے آپ افطار سے پہلے رکھئیے - یا افطار کے ایک گھنٹہ بعد رکھئیے کیونکہ چار بجے کا ٹائم جن دوستوں کی سہولت کے لئے ہم فکس کر رہے ہیں کہ وہ باہر سے آئیں گے - چار بجے وہ نہیں پہنچ سکتے - چار بجے کا ٹائم سے بھی بڑا odd time ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مسعود صاحب ! میرا خیال یہ تھا . . . . .

جناب مسعود احمد خان : پھر آپ دیکھ لیں - میرے خیال میں جناب اٹنڈینس نہیں ہوگی -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : رمضان شریف میں ذرا یہ وقت بھی ہے کہ افطاری سے پہلے میٹ کریں پھر افطاری کے لئے بریک کریں پھر اس کے بعد میٹ کریں - یہ بھی میرے خیال میں وقت ہے -

جناب فاروق احمد لغاری : افطاری کے بعد کرلیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : افطاری کے بعد تو تراویح کا وقت ہو جاتا ہے - بڑا مشکل ہو جاتا ہے -

سردار محمد اسلم : افطاری کے بعد تو نہیں ہوسکتا اس لئے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ اگر ہم خداتعالے کے ہاں حاضری نہیں دیتے تو اور بہت سے لوگ دیتے ہوں گے - اس لئے افطاری کے بعد نہ رکھیں -

**Mr. Presiding Officer:** It is a question of one day only, Monday.

منڈے کے بعد تو صبح سٹنگ ہوگی -

سردار محمد اسلم : ہمیں تو چار بجے سوٹ کرتا ہے -

جناب مسعود احمد خان : میں تو جناب چیئرمین آج سن رہا ہوں کہ افطار کے بعد تراویح ہوتی ہے - عشاء کے بعد تراویح ہوتی ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں یہ عرض کرتا ہوں کہ افطار کے بعد دوست کھانا کھائیں گے پھر ہاوس میں پہنچنے میں آدھا گھنٹہ لگے گا - ادھر تلاوت ہوگی - ایڈجرنمنٹ موشن سامنے ہوگی اور تراویح کا وقت شروع ہو جائے گا مغرب اور عشاء کے درمیان کتنا وقت ہوتا ہے مشکل سے سوا گھنٹے کا وقت ہوتا ہے -

سردار محمد اسلم : جناب ۶-۳۰ بجے افطار ھوگی - ۴ بجے سے یا ۳-۳۰ بجے sitting رکھ دیں ٹھیک ھے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرا خیالؔ ھے کہ جو practically possible ھو وہ بات کریں -

سردار محمد اسلم : ساڑھے تین بجے کرلیں - یا چار بجے کرلیں - ایک دن آدھا گھنٹہ کم کام کرلیں گے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو چار بجے ٹھیکؔ ھے ؟

آوازیں : ٹھیکؔ ھے -

**Mr. Presiding Officer :** So, the House stands adjourned to meet on Monday at 4 p.m.

---

[*The House then adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Monday, August* 30, 1976.]

---

PCPPK—L/2610/76/Senate—23-5-77—250.